سوال

(176)قرآن سے سینہ پر یا زیر ناف ہاتھ باندھنا ثابت ہے یا نہیں ۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن سے ہاتھ سینہ پر یا زیر ناف باندھنا کہیں ثابت ہے یا نہیں ۔ شیعہ لوگ ہم سے قرآن سے دلیل مانگتے ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ آیت فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ (سورہ کوثر) کا معنی کرتے ہیں کہ نماز پڑھو اور سینہ پر ہاتھ باندھو۔ واللہ اعلم
حضرت شیخ الشیوخ حضرت عمر بن محمد شہاب الدین سہروردیؒ نے بھی امیر المومنین حضرت علیؓ سے اس آیت کی تفسیر میں نقل فرمایا ہے فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر سینے پر رکھ۔ عوارف المعارف ص ۳۶۳

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 3 ص 95

محدث فتویٰ